15-06-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے بتایا کہ جاریہ ماہ کے اواخر تک مقامی اداروں کے انتخابات کا شیڈول جاری کردیا جائے گا۔

۲۔محکمہ بہبود درج فہرست قبائل، ذاتوں اور اقلیتوں کے وزیر آڈلوری لکشمن کمار نے کہا کہ ایس سی ایس ٹی اور اقلیتی عوام کی فلاح و بہبود کو ترجیح دیتے ہوئے ان کی زندگیوں میں معیاری تبدیلیاں لانے کیلئے ان کی حکومت خصوصی اقدامات کررہی ہے۔

۳۔بی آر ایس کے رکن اسمبلی اور سابق وزیر ہریش راؤ نے بنا کا چرلہ ریزرووائر پراجکٹ معاملہ کے تعلق سے اہم فیصلہ لینے کیلئے کل جماعتی اجلاس منعقد کرنے کا ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا۔

اور

۴۔حیدرآباد کے موسمیاتی مرکز نے خبردار کیا ہے کہ ریاست میں آج اور کل اوسط سے بھاری بارش ہونے کا امکان ہے۔

SC ST

محکمہ بہبود درج فہرست قبائل، ذاتوں اور اقلیتوں کے وزیر آڈلوری لکشمن کمار نے کہا کہ ایس سی ایس ٹی اور اقلیتی عوام کی فلاح و بہبود کو ترجیح دیتے ہوئے ان کی زندگیوں میں معیاری تبدیلیاں لانے کیلئے ان کی حکومت خصوصی اقدامات کررہی ہے۔انہوں نے مشترکہ کریم نگر ضلع کا دورہ کیا۔ریاستی وزیر نے کہا کہ اقامتی اسکولوں میں معیاری کھانا فراہم کرنے کرایہ کی عمارتوں میں جاری اقلیتی رہائشی اسکولوں کیلئے مستقل عمارتیں تعمیر کروانے، ہاسٹلوں میں بنیادی سہولتوں پر خصوصی توجہ دینے اور اسی طرح سوشل ویلفیر اسکولوں میں ٹیچروں کی دستیابی کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔ایس سی سب پلان کے تحت فنڈس کو ان ہی علاقوں میں خرچ کرنے کیلئے منصوبہ تیار کیا جارہا ہے۔اس کے علاوہ مسابقتی امتحانات میں حصہ لینے والے ایس سی ایس ٹی طلبہ کے لئے ان کے کارپوریشنس کے ذریعہ فنڈس منظور کئے جارہے ہیں۔

Basra deaths

نرمل کے ضلع کلکٹر ابھیلاش ابھینو نے باسر مندر کے قریب گوداوری ندی میں پانچ یاتریوں کی موت پر غم کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ بدقسمتی کے بات ہے کہ اتوار کو باسر مندر کے قریب گوداوری ندی میں نہانے کے دوران حیدرآباد کے پانچ عقیدتمندوں کی موت ہوگئی۔ انہوں نے کہا کہ گوداوری میں قائم حمام گھاٹوں کے علاوہ دیگر علاقوں میں عقیدت مندوں کے نہانے پر پابندی لگادی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیکورٹی کے حوالے سے ان قوانین پر مزید سختی سے عمل درآمد کیا جائے گا اور ایسے واقعات کو دوبارہ رونما ہونے سے روکنے کے لئے ضروری اقدامات کئے جائیں گے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ حکام کو واقعہ کا جائزہ لینے اور فوری امدادی اقدامات کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔

Eruvaka

ریاستی وزیر ریونیو پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے پالیر اسمبلی حلقہ کے کوسو منچی منڈل ہیڈکوارٹر میں ایرووا کا پروگرام کا افتتاح انجام دیا۔ ریاستی وزیر نے اس موقع پر کھیت میں ہل چلایا اور کسانوں اور خاتون مزدوروں کو ایرووا کا کی مبارکباد دی۔ اس موقع پر ریاستی وزیر نے خطاب کرتے ہوئے نیک تمنا ظاہر کی کہ جاریہ سال بہتر بارش ہونے کے علاوہ اچھی فصل کے ساتھ تلنگانہ ہمہ جہت ترقی حاصل کرے۔

Local Bodies

ریاستی وزیر پنگولیٹی سرینواس ریڈی نے بتایا کہ جاریہ ماہ کے اواخر تک مقامی اداروں کے انتخابات کا شیڈول جاری کردیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پیر کو ہونے والے کابینہ کے اجلاس میں غور وخوص کے بعد انتخابات کی تاریخ کے بارے میں وضاحت فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پہلے ایم پی ٹی سی اور زیڈ پی ٹی سی کے انتخابات ہوں گے اس کے بعد سرپنچ اور میونسپل انتخابات ہوں گے۔ ریاستی وزیر نے کسومانچی میں کیمپ آفس میں مختلف علاقوں کے اہم قائدین کے ساتھ میٹنگ کی۔ پونگولیٹی نے تجویز پیش کی کہ کانگریس پارٹی قائدین اور کارکنوں کو تیاری کرنی چاہئے، یہ کہتے ہوئے کہ بلدیاتی انتخابات میں صرف 15 دن باقی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رعیتو بھروسہ کے تحت بونس ایک ہفتہ کے اندر کسانوں کے کھاتوں میں جمع کر دیا جائے گا۔ ریاستی وزیر نے کہا کہ فلاحی اسکیموں کو عوام تک پہنچانا مقامی قائدین کی ذمہ داری ہے۔

## Local Bodies BRS

بی آر ایس قائد اور سابق وزیر سرینواس گوڑ نے ریاستی حکومت سے استفسار کیا کہ بی سیز کو ریزرویشن فراہم کئے بغیر مقامی اداروں کے انتخابات کیسے کرائے جائیں گے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ بی سی ریزرویشن بل واضح ہونے کے بعد ہی بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں۔

## Weather

حیدرآباد کے موسمیاتی مرکز نے خبردار کیا ہے کہ ریاست میں آج اور کل اوسط سے بھاری بارش ہونے کا امکان ہے۔ بتایا گیا ہے کہ آج رنگاریڈی، محبوب نگر، ناگرکرنول، ونپرتی، نارائن پیٹ اور جوگولامبا گدوال اضلاع میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہوگی۔محکمہ موسمیات نے یہ بھی کہا ہے کہ تیز ہوائیں40 سے 50 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے چلیں گی۔

## Millets

حیدرآباد کے راجندرنگر میں واقع ملٹس کی تجربہ گاہ آئی آئی ایم آر کے گلوبل سنٹر آف ایکسلنس اِن ملٹس کا آغاز ہوا۔ مرکزی حکومت کی سرپرستی میں 250 کروڑ روپے کی لاگت سے چار ایکڑ پر ایک سال کے اندر یہ مرکز قائم کیا جائے گا۔ یہ مرکز چھوٹے اناج کے تعلق سے تحقیق، اختراعات اور پائیدار ترقی کے لئے ایک پلیٹ فارم ہوگا۔مرکز نے آئی آئی ایم آر، جی سی او ای ایم قائم کرنے کا فیصلہ کیا ہے تا کہ دنیا بھر میں ملٹس کی پیداوار اور استعمال کو فروغ دیا جاسکے اور کاشت میں موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے میں ان کی مدد کی جاسکے۔سنٹر آف ایکسلنس بدلتے ہوئے موسمی حالات کے مطابق اعلیٰ پیداوار دینے والی غذائیت سے بھرپور اقسام تیار کرے گا۔ یہ سنٹر جدید اور تکنیکی مشینری تیار کرے گا تا کہ کاشت میں آسانی ہوسکے۔

## Jurala Flood

جورالا ذخیرۂ آب میں 15 ہزار کیوسک پانی داخل ہورہا ہے۔آبی ذخائر میں پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش7.40 ٹی ایم سی ہے۔ کرشنا ندی کے طاس میں بارش کی وجہ سے کرناٹک کے نارائن پور ڈیم میں 35 ہزار کیوسک پانی داخل ہوا ہے چونکہ ڈیم میں پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش بڑھ کر32 ٹی ایم سی ہوگئی ہے۔14 ہزار کیوسک پانی نشیبی علاقوں میں چھوڑا جارہا ہے۔ حکام نے بتایا کہ اس عمل میں جورالا میں سیلاب میں اضافہ ہونے کا امکان ہے۔ جہاں ڈیم سے 35 ہزار کیوسک پانی ہائیڈرو الیکٹرک پاور اسٹیشن کو چھوڑا جارہا ہے، وہیں 1.850 کیوسک پانی نیٹم پاڈو اور کوئل ساگر پروجیکٹوں میں منتقل کیا جارہا ہے۔

Rajanna Sircilla district

راجنا سرسلہ ضلع کی ڈسٹرکٹ ویلفیئر آفیسر لکشمی راجم نے کہا کہ مرکزی اور ریاستی حکومتیں سینئر سٹیزنس کی فلاح و بہبود کے لئے کئی اقدامات کر رہی ہیں۔اس موقع پر آل انڈیا ریڈیو سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر 60 سال سے زائد عمر والے افراد کو ان کے بچوں یا قانونی ورثاء نے نظر انداز کیا تو قانونی کارروائی کی جاسکتی ہے۔

Sound Byte.

Bhadradri Kothagudem

رکن اسمبلی کے سامبا شیوا راؤ نے آج حلقہ کوتہ گوڑم میں کئی ترقیاتی پروگراموں کا افتتاح کیا۔انہوں نے کوتہ گوڑم میں سری رام چندر گورنمنٹ ڈگری کالج میں 35 لاکھ کی لاگت سے شروع کئے جانے والے مرمتی کام کا سنگ بنیاد رکھا۔ بعد میں انہوں نے لکشمی دیوی پلی، الندو کراس روڈ اور چاتا کونڈہ روڈ میں نو تعمیر شدہ منی بس شیلٹر کا آغاز کیا۔ بعد میں انہوں نے کوتہ گوڑم ایم ایل اے کیمپ آفس میں 84 استفادہ کنندگان میں چیف منسٹر ریلیف فنڈ کے چیک تقسیم کئے۔اس موقع پر ایم ایل اے سامبا شیوا راؤ نے حلقہ کے ترقیاتی کاموں میں تعاون کرنے پر چیف منسٹر ریونت ریڈی سے اظہار تشکر کیا۔

Sound Byte..

Bhadradri Kothagudem - ITDA

بھدراچلم کے آئی ٹی ڈی اے پراجکٹ آفیسر وی راہول نے قبائلی علاقوں کی ترقی کے لئے مرکزی حکومت کی جانب سے شروع کردہ دھرتی آبا نیشنل گرام اُتکرش ابھیان اسکیم کو قبائلی خاندانوں اور کونڈا ریڈی قبائلی عوام کی جانب سے استفادہ کیلئے متعلقہ ایم پی ڈی اوز اور مختلف محکمہ جات کے عہدیداروں کو خصوصی دلچسپی لینی ہوگی۔انہوں نے بتایا کہ اس پروگرام کے تحت جاریہ ماہ کی 16 سے لے کر 30 تاریخ تک آئی ٹی ڈی اے کے تحت موجود 19 منڈلوں میں محکمہ قبائلی بہبود اور حکومت ہند کی جانب سے اعلان کردہ پی ایم آبا گرام اُتکرش ابھیان پر قبائلی عوام میں شعور بیدار کرنے کے لئے خصوصی کیمپ منعقد کئے جارہے ہیں۔انہوں نے ہدایت دی کہ اس پروگرام سے متعلق جانکاری کیلئے علاقائی، قبائلی زبانوں کو تلگو میں تحریر کرکے وال پوسٹر لگانے کی ایم پی ڈی اوز کو ہدایت دی۔

Banakacherla

بی آر ایس کے رکن اسمبلی اور سابق وزیر ہریش راؤ نے بنا کا چرلہ ریز رووائر پراجکٹ معاملہ کے تعلق سے اہم فیصلہ لینے کیلئے کل جماعتی اجلاس منعقد کرنے کا ریاستی حکومت سے مطالبہ کیا۔انہوں نے اس سلسلہ میں ریاستی وزیرآبپاشی اتم کمار ریڈی کوایک مکتوب روانہ کیا۔ ہریش راؤ نے الزام لگایا کہ 2014ء میں آندھراپردیش کے تحت تقسیم قانون کے مطابق نئے طور پر تعمیر کئے جانے والے آبپاشی پراجکٹوں گوداوری اور کرشنا بورڈ کے علاوہ اپیکس کونسل سے منظوری لی جائےلیکن آندھراپردیش حکومت نے قانون کی خلاف ورزی کی ہے۔انہوں نے مکتوب میں مطالبہ کیا کہ اس تعلق سے فوری اپیکس کونسل کا اجلاس منعقد کرنے کے لئے مرکزی حکومت سے مانگ کی جائے۔